Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۴ شوال المکرم ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۹ دسمبر ۱۹۳۶ء

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری مسندی توپہائے روز و شب	۳
۲	عطائے رینک "کپتان" بہ ملٹری میڈیکل فیرحضا و اضافہ جات بہ تنخواہ میجر عمران شاہ خاں و کپتان فضل القادر خاں	//

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار رہ　　واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۳۶ء

عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر و عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی حسب مستدعا ہر دو عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر منظور کیا جاتا ہے کہ ماہ رمضان میں دو توپیں افطار اور ایک سحری سے ہوتی ہیں یہ بدستور سر ہوا کریں ان کے علاوہ تمام سال جو دو توپیں دن اور شب کے بارہ بجے اور صبح کو سر ہوتی ہیں وہ بند کر دی جائیں اور اس کے بجائے شب کو ۹ بجے بجلی گھر سے ہارن سگنل دیا جایا کرے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار رہ　　واقع ۱۳ دسمبر ۱۹۳۶ء

عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کی عرضداشت ہائے منسلکہ ملاحظہ ہوئیں حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) لفٹنٹ محمد احمد شہید علیشری ہیڈ بگلر افسر کو رینک کپتان کی عطا کیجانا منظور ہے۔

(۲) میجر عمران شاہ خاں سیکنڈ ان کمانڈ و کپتان فضل القادر خاں ایڈجوٹنٹ و کوارٹر ماسٹر ٹرسٹ رامپور رضا انفنٹری اپنے اپنے موجودہ رینک کی تنخواہ نہیں پا رہے ہیں۔ لہذا ہر دو افسران کو یکم دسمبر ۱۹۳۶ء سے انکی رینک کی تنخواہ دیا جانا منظور ہے۔

میجر عمران شاہ خاں کی تنخواہ میں پچاس روپیہ ماہوار اور کپتان فضل القادر خاں کی تنخواہ میں پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے۔

(۳) سلسلہ اسکیم صیغہ فوج صادرہ ۳۰ نومبر ۱۹۳۶ء عوض بٹالین افسران کے لئے ایک ہزار دو سو نوے روپیہ ایک دفعہ جو بائی کی بچت ہے۔ اس رقم سے برائے سال رواں ۳ ہزار سات سو روپیہ بد شاہرات ٹرسٹ رامپور رضا انفنٹری منتقل کئے جائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں تاریخی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم